The Absolute Reality

www.quran4u.com

# Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندہری)

## سورة الرحمٰن

## Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| (خدا جو) نہایت مہربان | .1 |
| اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی | .2 |
| اسی نے انسان کو پیدا کیا | .3 |
| اسی نے اس کو بولنا سکھایا | .4 |
| سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں | .5 |
| اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں | .6 |
| اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی | .7 |
| کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو | .8 |

| | |
|---|---|
| اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور تول کم مت کرو | .9 |
| اور اسی نے خلقت کے لئے زمین بچھائی | .10 |
| اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں | .11 |
| اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول | .12 |
| تو (اے گروہ جن وانس!) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ | .13 |
| اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا | .14 |
| اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا | .15 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .16 |
| وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک (ہے) | .17 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ | .18 |
| اسی نے دو دریا رواں کئے جو آپس میں ملتے ہیں | .19 |
| دونوں میں ایک آڑ ہے کہ (اس سے) تجاوز نہیں کرسکتے | .20 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .21 |
| دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں | .22 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .23 |

| | |
|---|---|
| اور جہاز بھی اسی کے ہیں جو دریا میں پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے ہوتے ہیں | .24 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .25 |
| جو مخلوق زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے | .26 |
| اور تمہارے پروردگار ہی کی ذات (بابرکت) جو صاحب جلال وعظمت ہے باقی رہے گی | .27 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .28 |
| آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں<br>وہ ہر روز کام میں مصروف رہتا ہے | .29 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .30 |
| اے دونوں جماعتو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں | .31 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .32 |
| اے گروہ جن وانس!<br>اگر تمہیں قدرت ہو کہ آسمان اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ<br>اور زور کے سوا تو تم نکل سکنے ہی کے نہیں | .33 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .34 |
| تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر تم مقابلہ نہ کر سکو گے | .35 |
| تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ | .36 |

| | |
|---|---|
| .37 | پھر جب آسمان پھٹ کر تیل کی تلچھٹ کی طرح گلابی ہو جائے گا (تو) وہ کیسا ہولناک دن ہو گا |
| .38 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .39 | اس روز نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہوں کے<br>بارے میں پرسش کی جائے گی اور نہ کسی جن سے |
| .40 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .41 | گنہگار اپنے چہرے ہی سے پہچان لئے جائیں گے<br>تو پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لئے جائیں گے |
| .42 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .43 | یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار لوگ جھٹلاتے تھے |
| .44 | وہ دوزخ اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان گھومتے پھریں گے |
| .45 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .46 | اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا اس کے لئے دو باغ ہیں |
| .47 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .48 | ان دونوں میں بہت سی شاخیں (یعنی قسم قسم کے میووں کے درخت ہیں) |
| .49 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |

| | |
|---|---|
| .50 | ان میں دو چشمے بہہ رہے ہیں |
| .51 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .52 | ان میں سب میوے دو دو قسم کے ہیں |
| .53 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .54 | (اہل جنت) ایسے بچھونوں پر جن کے استر اطلس کے ہیں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے<br>اور دونوں باغوں کے میوے قریب (جھک رہے) ہیں |
| .55 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .56 | ان میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہیں<br>جن کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے |
| .57 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .58 | گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں |
| .59 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .60 | نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے |
| .61 | تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .62 | اور ان باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں |

| | |
|---|---|
| .63 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .64 | دونوں خوب گہرے سبز |
| .65 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .66 | ان میں دو چشمے ابل رہے ہیں |
| .67 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .68 | ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں |
| .69 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .70 | ان میں نیک سیرت (اور) خوبصورت عورتیں ہیں |
| .71 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .72 | (وہ) حوریں (ہیں جو) خیموں میں مستور (ہیں) |
| .73 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .74 | ان کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا نہ کسی جن نے |
| .75 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |
| .76 | سبز قالینوں اور نفیس مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے |
| .77 | توتم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ |

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارا پروردگار جو
صاحب جلال وعظمت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے .78

*********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com